© rasailojaraid.com



۱۱۲۔ محاضرات تاریخ الامم الاسلامیہ الدولۃ الامویہ، ص:۱۸۰-۱۸۷، ج:۲۔ ہندوستان میں عربوں کی حکومتیں، ص:۳۱۳

۱۱۳۔ تاریخ ابن خلدون، ص:۱۴۵، ج:۳۔ فتوح البلدان، ص:۴۲۹

۱۱۴۔ فتوح البلدان، ص:۴۲۹

۱۱۵۔ سید ابوظفر ندوی، مختصر تاریخ اہل ہند، ص:۳۵-۳۶ مطبع معارف اعظم گڑھ، ۱۹۴۸ء۔ خلافت امویہ اور ہندوستان، ص۱۳۹-۱۴۰۔

۱۱۶۔ الکامل فی التاریخ الکبیر، ص:۵۸۹-۵۹۰، ج:۴۔ نیز دیکھئے: تاریخ ابن خلدون، ص:۱۴۵، ج:۳

۱۱۷۔ فتوح البلداان، ص:۴۲۹۔ الکامل فی التاریخ الکبیر، ص:۱۳۵، ج:۵۔ تاریخ ابن خلدون، ص:۱۴۵، ج:۳۔ الفتوحات الاسلامیہ، ص۱۲۷

۱۱۸۔ فتوح البلدان، ص:۴۳۰

۱۱۹۔ تاریخ سندھ، ص:۱۳۹-۱۴۰

۱۲۰۔ فتوح البلدان، ص:۴۳۱۔ تاریخ سندھ، ص:۱۴۰

۱۲۱۔ فتوح البلدان، ص:۴۳۱

۱۲۲۔ تاریخ سندھ، ص:۱۴۲

۱۲۳۔ تاریخ یعقوبی، ص:۴۰۰، ج:۲

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# عہدِ صدیقی میں تدوینِ قرآن کے محرکات وعوامل

حافظ محمد عبدالقیوم*

## عہدِ صدیقی میں فتنہ ارتداد کا عمومی جائزہ:

عہدِ نبوی کے آخری ایام میں جزیرہ عرب کے مختلف علاقوں میں ارتداد کا فتنہ نمودار ہو چکا تھا جس کی اطلاع نبی کریم ﷺ کو دے دی گئی تھی۔ نبی کریم ﷺ نے اس ارتداد کو فرو کرنے کا باقاعدہ اہتمام فرماتے ہوئے مختلف صحابہ کرام کو ان سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنے کے لیے روانہ بھی فرمایا۔

عہدِ نبوی میں تین قبائل نے ارتداد کی راہ اختیار کی۔ دیار بکری لکھتے ہیں:

**"قد ارتد فی حیاۃ النبی ﷺ ثلاث فرق"(۱)**

وہ تین گروہ حسبِ ذیل ہیں:

۱۔ بنو مَذْحِج، جس کا رئیس اسود عنسی تھا اور اس کا نام عَبْهَلَة بن کعب عنسی تھا۔ اس قبیلہ کا تعلق یمن سے تھا۔

۲۔ بنو حنیفہ، جس کے سردار کا نام ہارون بن حبیب تھا، جو مسیلمہ کے لقب سے مشہور ہے۔(۳)

۳۔ بنو اسد، جس کا سردار طلیحہ بن خویلد تھا۔(۴)

نبی کریم ﷺ کے رحلت فرما جانے کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ مسندِ خلافت پر متمکن ہوئے تو جہاں ایک طرف اسلامی سرحدوں پر مجاہدینِ اسلام غیر مسلم اقوام سے برسرِ پیکار تھے، تو دوسری طرف فتنہ ارتداد مزید پھیل گیا۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ یہود و نصاریٰ سر اٹھانے لگے اور منافقت عام ہو گئی، اگر اتنے مصائب مضبوط و بلند پہاڑ پر پڑتے تو وہ بھی ریزہ ریزہ ہو جاتے:

**"تقول: لما توفی رسول الله ﷺ ارتدت العرب واشرأبّت الیهودیة والنصرانیة وعم النفاق وصار المسلمون کالغنم المطیرة فی اللیلة الشاتیة لفقد نبیهم حتی جمعهم الله علی أبی بکر فلقد نزل بأبی ما لو نزل بالجبال الراسیات لهاضها"(۵)**

حضرت عمرؓ وفاتِ نبوی کے بعد کے حالات کی تصویر اس طرح پیش کرتے ہیں:

**"وقد أصفقت العرب علی الارتداد فهم بین مرتد ومانع صدقة فهو مثل المرتد وبین واقف ینظر ما تصنع أنت وعدوک قد قدّم رجلاً وأخّر رجلاً"**

*اسسٹنٹ پروفیسر، شیخ زاید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بقول ابن خلدون اور مؤرخ ابن اثیر قبیلہ قریش اور بنو ثقیف کے علاوہ ہر طرف ارتداد پھیل گیا:

"وقد جاء الخبر بارتداد العرب عامة وخاصة، الا قريشاً وثقيفاً." (۶)

مکہ مکرمہ اور بنو ثقیف کے لوگ بھی ارتداد کی طرف مائل ہوئے مگر اہلِ مکہ کو حضرت سہیلؓ بن عمرو نے ارتداد سے بچایا۔ انہوں نے خانہ کعبہ کے دروازے کے پاس کھڑے ہو کر تقریر کی اور ان کو ارتداد سے روکا:

"فلما جاء خبر وفاة النبي ﷺ الیٰ أهل مكة ارتجت مكة وكاد أهلها يرتدون فقام سهيل بن عمروؓ على باب الكعبة وصاح بهم فاجتمعوا اليه فحمد الله واثنى عليه ثم ذكر وفاة النبي ﷺ وقال: ايها الناس من كان يعبد محمداً قد مات، ومن كان يعبد الله فان الله حي لا يموت ألم تعلموا ان الله قال انک ميت وانهم ميتون ، وقال : وما محمد الا رسول قد خلت من قبله الرسل .....وقال : أيضاً يا أهل مكة لا تكونوا آخر من أسلم وأول من ارتد والله ليتمن الله هذاالأمر....وثبت الله بها أهل مكة." (۷)

اسی طرح بنو ثقیف حضرت عثمانؓ ابن ابی عاص کی وجہ سے محفوظ رہے۔

"وأما ثقيف فثبتهم الله بعثمان ابن أبي العاص الثقفي فانه قام فيهم بمثل ما قام به سهيل بن عمرو في مكة فثبتوا" (۸)

علامہ یافعی نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد کی تصویر کچھ ان الفاظ میں پیش کرتے ہیں کہ آپ کی وفات کے بعد صرف تین مساجد (حرمین کی مساجد اور بحرین کی ایک مسجد) کے علاوہ باقی تمام مساجد میں خطبہ جمعہ تک بند ہو گیا:

"وكانت العرب قد ارتدت ومنعت الزكوٰة، حتى لم يبق خطبة يخطب بها سوى في ثلاث مساجد: مسجدیَ الحرمين ومسجد ثالث في البحرين" (۹)

مزید جن افراد نے نبوت کا دعویٰ کیا ان میں سجاح بنت حارث، مالک بن نویرہ، سلمیٰ بنت مالک وغیرہ شامل ہیں اور جو قبائل فتنہ ارتداد سے متاثر ہوئے ان میں بنو غطفان، بنو ہوازن، بنو سُلَیم، بنو طے، بنو اسد، بنو مذحج، بنو عامر، بنو تمیم وغیرہ شامل ہیں، اسی طرح جن علاقوں میں یہ فتنہ پھیلا ان میں یمامہ، عمان، مہرہ، بحرین، حضرموت، کندہ وغیرہ کے علاقے شامل ہیں۔ (۱۰)

ارتداد کے حالات و واقعات کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ مرتدین میں تین قسم کے لوگ تھے:

ا۔ مدعیانِ نبوت اور وہ لوگ جو اُن کے معتقد ہو کر دائرہِ اسلام سے خارج ہو گئے۔

ب۔ بعض قبائل نے نماز و زکوٰۃ دونوں کا انکار کر دیا۔

ج۔ بعض قبائل نے صرف زکوٰۃ کا انکار کیا کیونکہ وہ اس کو خراج سمجھ کر اپنی آزادی کے خلاف سمجھتے تھے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسی طرح یعقوب بن محمد زہری کا کہنا ہے کہ مرتدین کا اس بات پر مُصر تھے کہ اگر نبی کریم ﷺ حقیقی نبی تھے تو پھر ان کو فوت نہیں آسکتی تھی اور بعض مرتدین نے یہ موقف اختیار کیا کہ نبی کریم ﷺ کے اس دنیا سے رحلت فرمانے کے بعد نبوت ختم ہوگئی، اب ہم نبی کریم ﷺ کے بعد کسی کی اطاعت نہیں کریں گے:

**"ذکر یعقوب بن محمد الزهری ان العرب افترقت فی رِدّتها ، فقالت فرقة: لو کان نبیا ما مات وقال بعضهم: انقضت النبوة بموته فلا نطیع أحداً بعده" (۱۱)**

عرب کے حالات کے بارے میں کتبِ تاریخ میں یہ قول بھی نقل کیا جاتا ہے کہ بعض مرتدین یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ ہم اللہ اور نبی کریم ﷺ پر تو ایمان لاتے ہیں مگر ہم اپنے اموال میں سے کچھ بھی نہیں دیں گے، مگر حضرت ابوبکر صدیق نے اس بات کو تسلیم نہیں کیا اور ان سے قتال کا فیصلہ کیا اور اس معاملہ میں صحابہ کرام سے بحث و مباحثہ بھی کیا:

**"وقال بعضهم نؤمن بالله ونشهد أن محمداً رسول الله و نصلی ولکن لا نعطیکم أموالنا، فأبی أبوبکر الاّ قتالهم." "وجادل أبوبکر أصحابه فی جهادهم" (۱۲)**

کتبِ تاریخ کی روشنی میں فتنۂ ارتداد کے اسباب و محرکات کا جائزہ لیا جائے تو اس کی مندرجہ ذیل وجوہات سامنے آتی ہیں:

ا۔اسلامی تعلیمات سے ناواقفیت

ب۔مرکز گریزی

ج۔قبائلی تعصب

د۔بخل و کنجوسی

ھ۔سلطنتِ روم وایران کی سازشیں

ان مرتدین کی سرکشی اس حد تک پہنچ چکی تھی کہ ان لوگوں نے علاقہ صنعاء اور حضرموت سے طائف کے جنگلوں تک اور عدن کی طرف سے بحرین تک قبضہ کرلیا، حتیٰ کہ قبیلہ خزارہ وغطفان اور قبیلہ عبس و ذبیان کے لوگ دارالحکومت مدینہ منورہ کو غیر محفوظ پا کر اس پر حملہ کے لیے چڑھ دوڑے۔

اس ساری صورتِ حال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر صدیقؓ نے باقاعدہ منصوبہ بندی کے ساتھ نوزائیدہ اسلامی ریاست کو ان خطروں سے باہر نکال لانے کا عزم مصمم کیا۔

اگرچہ اکابر صحابہ کرام نے مسلمانوں کی قلیل تعداد کے پیشِ نظر حضرت ابوبکرؓ کے سامنے فتنۂ ارتداد کے خلاف کوئی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عملی قدم اٹھانے سے گریز کا مشورہ دیا، مگر حضرت ابو بکرؓ نے اس عذر کو درخورِ اعتناء نہیں سمجھا:

"فدخل المهاجرون والأنصار على أبي بكر، وقالوا: فانا اليوم قليل في كثير، ولا طاقة لنا بقتال العرب" (۱۳)

حضرت ابو بکر صدیقؓ نے مرتدین پر عام فوج کشی کرنی چاہی تو سپہ سالارانِ اسلام کو اس طرح مقرر فرمایا:

۱۔ حضرت خالدؓ بن ولید کو طلیحہ اسدی اور اس کے بعد مالک بن نویرہ بطاحی کی سرکوبی پر۔

۲۔ حضرت عِکرمہؓ بن ابی جہل کو مُسیلمہ کی سرکوبی پر۔

۳۔ حضرت شرحبیلؓ بن حسنہ کو حضرت عکرمہ کی امداد اور اس کے بعد قضاعہ اور قضاعہ سے کندہ اور حضرموت کے مرتدوں پر۔

۴۔ حضرت خالدؓ بن سعید کو دیارِ شام کے مرتدوں کی طرف۔

۵۔ حضرت عَمروؓ بن عاص کو مرتدینِ قضاعہ کی طرف۔

۶۔ حضرت حذیفہؓ بن محصن کو مرتدین دُباء کی طرف۔

۷۔ حضرت عَرفجہؓ بن ہرثمہ کو مرتدینِ مَہرہ کی مہم پر۔

۸۔ حضرت طُرَیفہؓ بن حاجز کو بنو سلیم اور ہوازن کی مہم پر۔

۹۔ حضرت سویدؓ بن مقرن کو تہامہ یمن کے مرتدوں کی سرکوبی۔

۱۰۔ حضرت علاء حضرمیؓ کو بحرین کے مرتدوں کی طرف۔

۱۱۔ حضرت مہاجرؓ بن امیہ کو مرتدینِ یمن یعنی اسود عنسی کے پیروکاروں کی سرکوبی پر مامور فرمایا۔

ابن خلدون لکھتے ہیں کہ مرتدین سے قتال کے لیے گیارہ لشکروں کو گیارہ جھنڈے دیے گئے

"عقد فيها أحد عشر لواءً على أحد عشر جنداً لقتال أهل الرِدّة" (۱۴)

اس جامع منصوبہ کو عملی جامہ پہنانے کے لیے مجاہدینِ اسلام کی ایک کثیر تعداد کی بھی ضرورت تھی۔ چنانچہ مسیلمہ بن حبیب کے تعاقب میں جو مجاہدین کا لشکر روانہ کیا گیا اس میں ایک خاص دستہ ان کبار صحابہ کرامؓ کا بھی تھا جو غزوہ بدر اور غزوہ احد میں بھی حصہ لے چکے تھے، ایسا کرنا اگرچہ حضرت ابو بکرؓ کی اس پالیسی کے خلاف تھا جو انہوں نے کبار صحابہ کرام اور اہلِ بدر کے متعلق وضع کر رکھی تھی کہ ان حضرات کو جنگوں میں بھیجنے سے اجتناب کیا جائے گا تاکہ امتِ مسلمہ کا یہ عظیم سرمایہ مسلمانوں کے درمیان تا دیر باقی رہ سکے۔ مگر اس نازک صورتِ حال کے پیش نظر حضرت ابو بکرؓ نے اپنی پالیسی تبدیل کرتے ہوئے ان حضرات کو مسیلمہ بن حبیب کی بغاوت کچلنے کے لیے روانہ فرمایا۔

فتنۂ ارتداد کی تمام مہمات میں سے سب سے اہم اور بڑی مہم بھی یہی تھی، کیونکہ یمامہ اور اس کے ارد گرد کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



علاقوں میں مُسیلمہ کی دعوت اور اس کے عزائم کو خوب فروغ مل رہا تھا، اور مسیلمہ آسانی سے زیر ہونے والا نہیں تھا۔ انہی نامساعد حالات کے پیشِ نظر حضرت ابوبکرؓ کی بصیرت، معاملہ فہمی، اولوالعزمی اور انتظامی صلاحیت کی داد دیے بغیر نہیں رہا جا سکتا۔ اسی لیے ابوبکر بن عیاش لکھتے ہیں کہ ان گھمبیر مسائل سے بطریق احسن عہدہ برا ہونے کی وجہ سے حضرت ابوبکر صدیقؓ نبی کریم ﷺ کے صحیح جانشین نظر آتے ہیں:

"قال أبوبكر بن العياش: سمعت أبا حصين يقول: ما ولد بعد النبيين مولود أفضل من أبي بكر لقد قام مقام نبي من الأنبياء في قتال أهل الرِّدّة" (۱۵)

## فتنۂ ارتداد اور کبار صحابہ کرامؓ کی شرکت وشہادت:

لشکرِ حضرت اُسامہؓ کی روانگی اور اس کے ساتھ ساتھ درجہ بالا گیارہ مہمات کو اگر پیشِ نظر رکھا جائے تو اسلام کی نوزائیدہ ریاست کہ جس کو وفاتِ نبوی کے بعد قائم ہوئے ابھی ایک سال کا عرصہ بھی نہیں گزرا تھا کہ اتنے زیادہ جنگ کے محاذ کھولنے پڑے۔ ان حالات میں مختلف جنگی محاذوں کے لیے کتنی کثیر افرادی قوت کی ضرورت ہوگی، اس بات کا اندازہ حضرت ابوبکرؓ کی اس پالیسی سے لگایا جا سکتا ہے جوانہوں نے کبار صحابہ کرام کے بارے میں اپنا رکھی تھی اور جس میں بعد میں ترمیم کرنا پڑی۔ اس ساری صورتِ حال کو اگر مدِّنظر رکھا جائے تو حضرت عمرؓ کے اس قول میں کیا شک کی کوئی گنجائش رہ جاتی ہے کہ "وانی أخشَى أن يستحر القتل بالقُرّاء في المواطن،فيذهب كثير من القرآن "(اور مجھے اندیشہ ہے کہ بہت سے مقامات میں قاریوں کا قتل ہوتا رہا، تو بہت سا قرآن جاتا رہے گا)۔

تاریخِ اسلام میں معرکہ یمامہ کو غیر معمولی اہمیت حاصل ہے۔ یمامہ کا مقام مکہ مکرمہ سے علامہ ابن خلدون کے بقول آٹھ سو ستتر (۸۷۷) کلومیٹر ہے۔ اس طرح مدینہ منورہ سے اس کا فاصلہ ساڑھے تیرہ سو کلومیٹر سے زائد بنتا ہے:

"وطول اليمامة عشرون مرحلة وهي على أربعة أيام من مكة" (۱۶)

غزوۂ تبوک کے بعد یہ پہلا معرکہ تھا جس میں مجاہدینِ اسلام کی ایک کثیر تعداد نے حصہ لیا، اور اس جنگ میں جامِ شہادت نوش کرنے والے مجاہدینِ اسلام کی تعداد گزشتہ تمام غزوات وسرایا کی نسبت سب سے زیادہ تھی۔ اس لحاظ سے مسلمانوں کے حق میں معرکہ یمامہ ایک سانحۂ عظیم واقع ہوا۔

اس معرکہ میں ابتدأ مسلمانوں کی تعداد چار ہزار تھی، اور چار سے پانچ سو کی تعداد میں انصاری یعنی کبار صحابہ کرام تھے۔ رافع بن خدیج کے حوالے سے سلیمان بن موسیٰ بن سالم حمیری اندلسی (م۔۶۳۴ھ) لکھتے ہیں:

"عن رافع بن خديج قال: خرجنا من المدينة ونحن أربعة آلاف وأصحابنا من الأنصار ما

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



بین خمس مائة الیٰ أربع مائة وعلی الأنصار ثابت بن قیس ویحمل رأیتنا" (۱۷)

پھر راستے میں قبیلہ طے سے ایک ہزار افراد شاملِ لشکر ہوگئے:

"وسار خالد بن الولید ومعه عدی بن حاتم وقد انضم الیه من طئ ألف رجل" (۱۸)

لشکرِ حضرت اُسامہ شام کی مہم سے جب واپس آتا ہے تو حضرت ابوبکرؓ چار سو افراد پر مشتمل ایک اور دستہ حضرت اسامہؓ بن زید کی قیادت میں حضرت خالدؓ بن ولید کی نصرت کے لیے بھیج دیتے ہیں:

"وکان أبو بکر الصدیق لما انصرف الیه أسامة بن زید من بعثه الی الشام بعثه فی أربع مائة مدد الخالد بن الولید فأدرک خالداً قبل أن یدخل الیمامة" (۱۹)

اس طرح ابن کثیر کے بقول مسلمانوں کے لشکر کی کل تعداد تیرہ ہزار تھی جبکہ مسیلمہ اور دیگر مرتدین کی تعداد ایک لاکھ تھی:

"وذلک أن مسیلمة التف معه من المرتدین قریب من مائة ألف، فجهز الصدیق لقتاله خالد بن الولید قریب من ثلاثة عشر ألفاً" (۲۰)

اس معرکہ میں کبار صحابہ کرامؓ کی موجودگی اس بات سے بھی معلوم ہوتی ہے کہ حضرت ابوبکرؓ جب حضرت خالدؓ بن ولید کو یمامہ کی طرف روانہ کرنے لگے تو فرمایا کہ میں نے تم کو بدری (وہ صحابہ کرام جو غزوہ بدر میں حصہ لے چکے ہیں یعنی کبار صحابہ کرام) مہاجر اور انصار صحابہ کرامؓ پر امیر بنایا ہے، ان سے مشورہ کرنا اور ان سے اختلاف مت کرنا:

"فقال یا خالد: علیک بتقوی الله وایثاره علی من سواء والجهاد فی سبیله فقد ولیتک علی من تری من أهل بدر من المهاجرین والأنصار" (۲۱)

دوسری روایت میں ہے:

"یا خالد: علیک بتقوی الله والرفق بمن معک من رعیّتک فان معک أصحاب رسول الله أهل السابقة من المهاجرین والأنصار فشاورهم فیما نزل بک ثم لا تخالفهم" (۲۲)

اسی طرح روایات سے یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ مہاجرین اور انصار جو کبار صحابہ کرام میں سے تھے ان کی اتنی تعداد تھی کہ ان کا اپنا الگ الگ جھنڈا تھا۔ مہاجر صحابہ کرامؓ کا جھنڈا حضرت ابوحذیفہؓ اور حضرت زیدؓ کے پاس تھا، جبکہ انصار صحابہ کرام کا جھنڈا حضرت ثابتؓ بن قیس اور حضرت براءؓ بن عازب نے اٹھایا ہوا تھا۔ ابن خلدون لکھتے ہیں:

"وعلی المهاجرین أبو حذیفة وزید وعلی الأنصار ثابت بن قیس والبراء بن عازب" (۲۳)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



مسلمانوں کے لشکر میں کبار صحابہ کرام کے ساتھ ساتھ ایک کثیر تعداد اُعراب یعنی عرب دیہاتیوں کی تھی، جن کی وجہ سے کبار صحابہ کرامؓ کو لڑنے میں مشکلات پیش آ رہی تھیں، اس لیے دورانِ جنگ ان صحابہ کرام نے حضرت خالدؓ بن ولید سے کہا کہ ان عرب بدوؤں سے ہمیں الگ کیجیے تاکہ ہم بہادری کے جوہر صحیح طریقے سے دکھاسکیں۔ اس سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ اس معرکہ میں مسلمانوں کو بعد میں جو فتح ہوئی وہ ان کبار صحابہ کی کاوشوں کی وجہ سے ہوئی:

"فانكشف الجيش الاسلامي لكثرة من فيه من الأعراب، فنادى القراء من كبار الصحابة، يا خالد! خلصنا، يقولون ميزنا من هؤلاء الأعراب، فتميزوا منهم وانفردوا فكانوا قريباً من ثلاثة آلاف، ثم صدقوا الحملة وقاتلوا قتالاً شديداً، وجعلوا يتنادون: يا أصحاب سورة البقرة، فلم يزل ذلك دأبهم، حتى فتح الله عليهم." (۲۴)

## جنگِ یمامہ کے نتائج:

جنگِ یمامہ کے بعد جب لشکر مدینہ منورہ لوٹا تو مدینہ منورہ میں کوئی ایسا گھر نہیں تھا جس سے آہ و بکا کی آواز نہ آ رہی ہو، حتیٰ کہ خود حضرت ابوبکر صدیقؓ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے:

"ولما قدم خالد المدينة لم يبق بها دار الاّ وفيها باک لكثرة من قتل معه من الناس، فبكى أبو بكر لما رأى ذلك، وقال: ما أبعد ما رأى من الظفر، والله لثابت بن قيس بن شماس أ... على الأنصار من أسماعها وأبصارها" (۲۵)

اگرچہ اس معرکہ میں شریک ہونے والے تمام مجاہدین شہید نہیں ہوئے مگر کم وبیش تمام کے تمام زخمی ضرور ہوئے:

"وان المسلمين لجرحى كلهم" (۲۶)

محمود بن لبید بیان کرتے ہیں کہ اگرچہ حضرت خالدؓ بن ولید نے بھی کثیر تعداد میں مخالفین کو قتل کیا مگر مسلمان بھی اس معرکہ میں اتنی بڑی تعداد میں شہید ہوئے کہ ایسا محسوس ہوا کہ صحابہ کرام کا خون ارزاں ہو گیا تھا:

"عن محمود بن لبيد قال: لما قتل خالد بن الوليد من أهل اليمامة من قتل، كانت لهم في المسلمين أيضاً مقتلة عظيمة، حتى أبيح أكثر أصحاب رسول اللهﷺ" (۲۷)

معرکہِ یمامہ کی ہولناکی کا ذکر ضمرہ بن سعید اس طرح کرتے ہیں:

"قال ضمرة بن سعيد المازني وذكر ردة بني حنيفة لم يلق المسلمون عدواً أشد لهم نكاية منهم لقوهم بالموت الناقع وبالسيوف قد أصلتوها قبل النبل وقبل الرماح وقد صبر المسلمون لهم فكان المعول يومئذٍ على أهل السوابق" (۲۸)

حضرت عمرؓ اس معرکہ کی ہولناکی ان الفاظ میں بیان کرتے ہیں کہ کبار صحابہ کرام کا خون اس معرکہ میں حلال ہو گیا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تھا:

"وذكر عمر بن الخطاب: يوماً وقعة اليمامة ومن قتل فيها من المهاجرين والأنصار،فقال: أحلت السيوف على أهل السوابق من المهاجرين والأنصار،ولم نجد المعول يومئذٍ الا عليهم ، خافوا على الاسلام أن يكسر بابه،فيدخل منه ان ظهر مسيلمة،فمنع الله الاسلام بهم ، حتى قتل عدوه وأظهر كلمته،وقدموا يرحمهم الله،على ما يسرون به من ثواب جهادهم من كذب على الله وعلى رسوله،ورجع عن الاسلام بعد الاقرار به" (۲۹)

اس کے بعد مزید فرماتے ہیں:

"وفي رواية عنه: جعل منادى المسلمين،يعني يوم اليمامة ، ينادى: يا أهل الوجوه،لو لا ما استدرك خليفة رسول الله ﷺ من جمع القرآن لخفت أن لا يلتقى المسلمون وعدوهم في موضع الا ّ استحر القتل بأهل القرآن" (۳۰)

**حضرت زیدؓ اور حضرت ابوسعید خدریؓ کی جنگِ یمامہ میں شرکت:**

حضرت زیدؓ بن ثابت بھی اس معرکہ میں شریک ہوئے اور دشمن کے تیر سے زخمی ہوئے:

"ورمي يوم اليمامة بسهم" (۳۱)

اور پھر ممتاز محدّثِ امت حضرت ابوسعید خدریؓ بھی اس معرکہ میں شریک ہوئے ،جن کی خدماتِ حدیث کسی صاحبِ علم پر مخفی نہیں ہیں، اگر وہ اور حضرت زید بن ثابت اس معرکہ میں شہید ہو جاتے تو قرآن کی تدوین اور حدیث کا ذخیرہ ادھورا رہ جاتا۔

حضرت ابوسعید خدریؓ اپنی شرکت اور جنگ کے حالات اس طرح بیان کرتے ہیں کہ میں باغ میں جہاں گھمسان کا رن تھا نمازِ ظہر کے وقت داخل ہوا، اسی دوران حضرت خالدؓ بن ولید نے مؤذن کو اذان کا حکم دیا، مؤذن نے باغ کی دیوار پر ظہر کی اذان دی:

"عن أبي سعيد الخدري ، قال: دخلت الحديقة حين جاء وقت الظهر ،واستحر القتال،فأمر خالد بن الوليد المؤذن،فأذن على جدار الحديقة بالظهر" (۳۲)

اس جنگ میں مسلمانوں کو جو اللہ تعالیٰ نے فتح ونصرت سے سرفراز کیا تو یہ کبار صحابہ کرام کی وجہ سے ممکن ہوا، وگرنہ اَعراب (دیہاتی) اور نومسلموں نے تو جنگ کا رُخ شکست کی طرف موڑ دیا تھا۔

"هزموا المسلمين ثلاث مرات،وانما يهزم بالناس الأعراب،فنادى أهل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



السوابق:أخلصونا،فأخلصوا" (۳۳)

صرف معرکہ یمامہ میں مسیلمہ بن حبیب اور اس کے اکیس ہزار ساتھی قتل ہوئے جبکہ مجاہدینِ اسلام میں سے عبد اللہ بن اسعد یافعی (م۔۷۶۸ھ) کی تحقیق کے مطابق بارہ سو شہید ہوئے:

"وقُتل منهم ومن غيرهم من المسلمين ألفاً ومائتان رجل" (۳۴)

اور یہی تحقیق ابوزید احمد بن سہل بلخی (م۔۳۲۲ھ) کی بھی ہے:

"وقُتل من المسلمين ألفا ومائتان وجرح أكثر من بقي" (۳۵)

جبکہ اس معرکہ میں شہداء صحابہ کرام کی تعداد کے متعلق عبداللہ بن اسعد یافعی نے دو آراء نقل کی ہیں جن میں سے ایک کے مطابق چار سو پچاس اور دوسری رائے میں سات سو ہے:

"استشهد من الصحابة نحو من أربع مائة وخمسين وقيل ست مائة" (۳۶)

علامہ زرکشی (م۔۷۹۴ھ) کے نزدیک ایک قول کے مطابق گیارہ سو اور دوسرے قول کے مطابق چودہ سو مسلمان شہید ہوئے، جبکہ ستر افراد وہ تھے جو حاملِ قرآن تھے:

"وقتل فيها من المسلمين ألف ومائة ،وقيل:ألف وأربع مائة،منهم سبعون جمعوا القرآن من الرقاع،والأكتاف،والعسب" (۳۷)

ابن اثیر (م۔۶۳۰ھ) کے نزدیک وہ مہاجرین وانصار صحابہ جن کا تعلق مدینہ سے تھا ان کی تعداد تین سو ساٹھ تھی اور وہ مہاجرین جن کا تعلق مدینہ سے نہیں تھا ان کی تعداد تین سو تھی جو معرکہ یمامہ میں شہید ہوئے۔ اس طرح شہداء صحابہ کرام کی کل تعداد ابن اثیر کے نزدیک چھ سو ساٹھ ٹھہری:

"وقد قتل من المهاجرين والأنصار من أهل المدينة ثلاثمائة وستون،ومن المهاجرين من غير المدينة ثلاثمائة رجل" (۳۸)

سلیمان بن موسیٰ اندلسی زید بن طلحہ کا قول نقل کرتے ہیں کہ اس معرکہ میں ستر قریشی، ستر انصاری اور باقی لوگوں میں سے پانچ سو افراد شہید ہوئے:

"وقال زيد بن طلحة:قتل يوم اليمامة من قريش سبعون ومن الأنصار سبعون ومن سائر الناس خمس مائة" (۳۹)

اسی طرح ایک اور قول یہ ہے کہ اس معرکہ میں ایک روایت کے مطابق بارہ سو اور دوسری روایت کے مطابق اٹھارہ سو تھی، جبکہ مخالف لشکر میں سے ایک قول کے مطابق بیس ہزار اور دوسرے قول کے مطابق دس ہزار مشرکین قتل ہوئے:

"فقتل من المسلمين ألف ومائتان وقيل ألف وثمان مائة ومن المشركين نحو عشرين

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ألفاً وقيل عشرة آلاف" (۴۰)

ابن خلدون (م ۔۸۰۸ھ) کے مطابق اس معرکہ میں تین سوساٹھ مہاجرین، تین سوساٹھ انصار اور تابعین میں سے تین سوساٹھ یا اس سے بھی زیادہ شہید ہوئے:

"وقد قتل من الأنصار ما ينيف على الثلاث مائة والستين، ومن المهاجرين مثلها، ومن التابعين لهم مثلها أو يزيدون، وقد فشت الجراحات فيمن بقي" (۴۱)

اس معرکہ کے شہداء کی تعداد کے بارے میں ابن خلدون کی رائے مؤقر معلوم ہوتی ہے اور یہی رائے حضرت ابو بکرؓ کے اس خط سے بھی واضح ہوتی ہے جو انہوں نے حضرت خالد بن ولید کو جنگِ یمامہ کے موقع پر لکھا تھا:

"وببابک دماء ألف ومائتين من المسلمين" (۴۲)

یہی رائے علامہ یافعی اور ابوزید بلخی کی ہے، جس کا ذکر پہلے گزر چکا ہے۔

قراء اور حفاظ کی اس معرکہ میں شرکت کا اس بات سے بھی پتہ چلتا ہے کہ اس معرکہ کے مختلف واقعات میں "يا أصحاب سورة البقرة"، "يا أهل القرآن" اور "حامل القرآن" جیسے الفاظ کے ساتھ مجاہدین ایک دوسرے کو میدانِ جنگ میں پکارتے رہے۔ (۴۳)

ابن کثیر لکھتے ہیں:

"وجعلت الصحابة يتواصون بينهم ويقولون: يا أصحاب سورة البقرة، بطل السحر اليوم" (۴۴)

اسی طرح حضرت ابوحذیفہؓ فرماتے ہیں:

"يا أهل القرآن: زينوا القرآن بالفعال" (۴۵)

کبار صحابہ کرام کی کثیر تعداد جو غزوہ بدر اور احد میں حصہ لے چکی تھی اور اس معرکہ میں شہادت کا رُتبہ حاصل کر چکی تھی، لازمی طور پر وہ حفاظِ قرآن اور قراءِ قرآن بھی تھے۔

حضرت خارجہؓ بن زید اپنے والد حضرت زیدؓ بن ثابت سے روایت کرتے ہیں کہ چار سو قراء شہید ہوئے، جس کو محدث ابوقاسم طبرانی (م ۔۲۶۰ھ) اس طرح نقل کرتے ہیں:

"عن خارجة بن زيد بن ثابت عن أبيه قال: لما كان يوم اليمامة أصيب ممن يقرأ القرآن ناس كثير، فذكر نحو أربع مئة فجئت الى أبى بكر رضى الله عنه فقلت له: أن كانت وقعة أخرى يذهب القرآن" (۴۶)

اسی لیے حافظ ابن کثیر نے قراء صحابہ کرام کی تعداد پانچ سو بتائی ہے:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"قتل من القراء يومئذٍ قريب من خمس مائة رضى الله عنه" (۴۷)

خلیفہ بن خیاط (م۔۲۴۰ھ) اور ابن کثیر (م۔۷۷۴ھ) نے تو اپنی کتاب مین اکابر مہاجرین اور انصار کے نام اور ان کے قبائل کا ذکر کیا ہے۔ جن میں بدری صحابہ کرام کے نام بھی ہیں جو اس معرکہ میں شہید ہوئے: (۴۸)

یہ کیسے ممکن ہے کہ بدری صحابہ کرام کا شمار حفاظ وقراء میں نہ کیا جائے۔ اس سلسلہ میں نولڈکے (Theodore Noldeke) اور شوالے (Schwally) اور رچرڈ بیل (Richard Bell) کا یہ اعتراض کہ معرکہ یمامہ میں صرف دو قراء شہید ہوئے اور باقی شہادت کا رُتبہ پانے والے نومسلم تھے ایک غیر تحقیقی بات ہے۔ (۴۹)

اور پھر بعد میں آنے والے مستشرقین نے بھی اس اعتراض کو نقل کیا ہے۔ جیسا کہ رچرڈ بیل لکھتے ہیں:

"But the reason given for the step, namely the death of a large number of 'readers' in the battle of Yamamah, has also been questioned. For in the lists of those who fell in that compaign, very few (according to Schwally, only two) are mentioned who were likely to have had much of the Quran by heart. Those killed were mostly recent converts."(50)

## معرکہِ یمامہ کا آغاز اور اختتام:

معرکہِ یمامہ کے آغاز کے بارے میں مختلف روایات ہیں۔ ایک رائے یہ ہے کہ یہ معرکہ ماہِ ربیع الاول بارہ ہجری میں پیش آیا، اور یہ کم وبیش پندرہ دن جاری رہا:

"وكانت وقعة اليمامة فى ربيع الأول من سنة ثنتى عشرة" (۵۱)

اور اس معرکہ کی مدت (پندرہ دن) یوں بیان کی گئی ہے:

"ولقد أقام الناس باليمامة خمس عشرة ليلة" (۵۲)

بعض روایات کے مطابق اس معرکہ کا آغاز گیارہ جبکہ کچھ کے مطابق بارہ ہجری ہے۔ ابن کثیر ان دونوں روایات میں اس طرح تطبیق دیتے ہیں کہ اس کا آغاز گیارہ میں ہوا اور اس کا اختتام بارہ ہجری میں ہوا:

"والجمع بينها أن ابتداء ها فى سنة احدى عشر، والفراغ منها فى سنة ثنتي عشرة" (۵۳)

## فتنہِ ارتداد کا عمومی جائزہ اور اس کے اثرات:

عہدِ صدیقی میں ہونے والے فتنہِ ارتداد اور مدعیانِ نبوت کی طاقت ختم کرنے کے لیے مسلمانوں کو بھاری قیمت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ادا کرنا پڑی۔ فتنۂ ارتداد کے تمام معرکوں میں کتنی تعداد میں مسلمانوں کو اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنا پڑا، یہ تعداد شاید تاریخ کے اوراق میں محفوظ نہیں رہ سکی، البتہ ان معرکوں میں غیر مسلموں کے ہلاک ہونے والوں کی تعداد خوش قسمتی سے تاریخ میں محفوظ رہ گئی کہ ان معرکوں میں کم وبیش پچاس ہزار غیر مسلم قتل ہوئے، جس سے شہید ہونے والے مسلمانوں کی ایک کثیر تعداد کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ ابن کثیر لکھتے ہیں:

"وقد قتل من الكفار فيما سقنا من المواطن التي التقى فيها المسلمون والمشركون في هذه وأوائل التي قبلها، ما ينيف على خمسين ألفاً" (۵۴)

جنگِ یمامہ میں مسیلمہ بن حبیب اور اس کے اکیس ہزار ساتھی قتل ہوئے جبکہ مجاہدینِ اسلام میں سے عبداللہ بن اسعد یافعی (م۔ ۷۶۸ھ) کی تحقیق کے مطابق بارہ سو شہید ہوئے:

"وقُتل منهم ومن غيرهم من المسلمين ألفاً ومائتان رجل" (۵۵)

اس طرح فتنۂ ارتداد کی ان تمام مہمات میں مسلمانوں کی ایک کثیر تعداد شہید ہوئی اور شہداء کی یہ تعداد گزشتہ عہد میں وقوع پذیر ہونے والے تمام غزوات وسرایا سے زیادہ تھی۔ اس لیے فتنۂ ارتداد کو اسلامی تاریخ کا پہلا سانحۂ عظیم شمار کیا جا سکتا ہے۔

## تدوینِ قرآن کے دیگر محرّکات کا جائزہ:

وفاتِ نبوی کے بعد جزیرۂ عرب میں جو معاشرہ پروان چڑھ رہا تھا وہ ایک تکثیری معاشرہ (Plural Society) تھا، جس میں مختلف رنگ ونسل، عقائد ونظریات اور مختلف افکار ومذاہب کے لوگ آ رہے تھے۔ یہود ونصاریٰ کو جزیرۃ العرب سے نکالے جانے کا فیصلہ ابھی نہیں سنا گیا تھا۔

اسی دوران اسلامی فتوحات کا ایک عظیم سلسلہ شروع ہو رہا تھا، ان فتوحات کے نتیجہ میں بھی مختلف رنگ ونسل، فرق ومذاہب اور افکار ونظریات کے لوگ اسلامی معاشرہ میں نفوذ پذیر ہو رہے تھے، جن کے افکار اور عقائد کے اسلامی معاشرہ پر اثرات مرتسم ہونا ایک لازمی امر تھا۔

نبی کریم ﷺ کے رحلت فرما جانے کے بعد فتنۂ ارتداد کا دروازہ بھی کُھل گیا تھا، اور اس کے ساتھ ساتھ بعض لوگوں نے نبوت کا جھوٹا دعوی بھی کر دیا۔ ان مدعیانِ نبوت نے صرف دعویٰ پر اکتفا نہیں کیا بلکہ نزولِ وحی کے بھی دعویدار تھے۔ چنانچہ ان مدعیانِ نبوت نے مسجع ومقفیٰ کلام ترتیب دے کر وحی کے طور پر مشہور کر دیا۔

یہ بات ایک نوزائیدہ اسلامی ریاست کے باشندگان کے حق میں، جہاں نومسلموں کی بھی ایک کثیر تعداد رہ رہی ہو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اور دیگر مذاہب کے لوگ تسلسل کے ساتھ دائرہ اسلام میں داخل ہورہے ہوں مضر ثابت ہوسکتی تھی مبادا کہ وہ غیر کلام الٰہی کو حقیقی وحی گردانے لگیں اور اس طرح ان نومسلموں کا ایمان خطرے میں پڑ جانے کا خدشہ تھا۔

## مرتدین کا تعارف اور ان کے معاشرہ پر اثرات:

مسئلہ ارتداد کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ دربارِ نبوی سے وابستہ لوگ نبی کریم ﷺ کے آخری ایام میں ارتداد کی طرف مائل ہونے لگے:

۱۔ علقمہ بن علاثہ جبکہ علامہ ابن خلدون اس کو 'عِلافَۃ' لکھتے ہیں۔

۲۔ الرَّجّال بن عَنفُوہ

۳۔ منذر بن ساوی

۴۔ طلیحہ بن خویلد

۵۔ سلمٰی بنت مالک

ان جیسے لوگوں کے ارتداد کی وجہ سے اس بات کا خدشہ پیدا ہو چلا تھا کہ جزیرۂ عرب اور اس کے ملحقات میں رہنے والے نومسلم اسی طرح اسلامی تعلیمات سے متاثر ہونے والے غیر مسلم جو اسلام کی طرف مائل ہورہے تھے، کہیں ان مرتدین سے متاثر ہوکر غیرِ اسلام کو اسلام سمجھ بیٹھیں۔ مثلاً علقمہ بن علافہ نے عہدِ نبوی میں اسلام قبول کیا مگر وفاتِ نبوی کے بعد مرتد ہوگیا:

”وكان علقمة بن علاثة أسلم ثم ارتد في زمن النبي ﷺ ولحق بالشام بعد فتح الطائف“ (۵٦)

اسی طرح الرَّجّال بن عَنفُوہ (جس کا نام ''نہار'' تھا، دیکھو: ''واسمه نهار''، (ابن کثیر، البدایہ والنہایہ، ج٦، ۷۲۹)) نے نبی کریم ﷺ کی خدمتِ اقدس میں رہ کر قرآن کریم پڑھا اور دین کی باتیں سیکھی تھیں، وفاتِ نبوی کے بعد مرتد ہوگیا، اور صرف مرتد ہی نہیں ہوا بلکہ مسیلمہ بن حبیب کی نبوت کی تصدیق کی۔ اس بات سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے جب دربارِ نبوی سے وابستہ لوگ اسلام سے راہِ فرار اختیار کر کے غیر نبی کی نبوت کی تصدیق کرنے لگے ہوں تو اس معاشرہ میں عام افراد بالخصوص وہ نومسلم جن کو نبی کریم ﷺ کی صحبت بھی نصیب نہیں ہوئی تھی وہ ان جیسے افراد سے کیوں نہ متاثر ہوئے ہوں گے، اور ان کے ایمان کو کیوں نہ برباد کیا ہوگا؟ اسی طرح آنے والے وقت میں عام لوگوں کے متاثر ہونے کے احتمالات اور خدشات کا انکار نہیں کیا جاسکتا تھا:

”وكان الرَّجّال بن عَنفُوَة من أشراف بني حنيفة شهد لمسيلمة بأن رسول الله ﷺ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



أشركه معه فى الأمر، لأن الرجال كان قد هاجر وأقام مع رسول الله ﷺ، وقرأ القرآن وتفقه في الدين، فلما ارتد مسيلمة بعثه النبى ﷺ معلماً لأهل اليمامة، ومشغباً على مسيلمة، فكان أعظم فتنة على بنى حنيفة منه، واتبع مسيلمة على شأنه وشهد له وكان يؤذّن لمسيلمة ويشهد له بالرسالة بعد النبى ﷺ" (۵۷)

الرَّجال بن عَنفوَه نے مسیلمہ کی نبوت کی شہادت دی اور یہ بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے اس کو حکومت میں شریک کیا ہے۔ الرَّجال بن عَنفوہ کے اس کہنے کا اثر لوگوں پر اس وجہ سے زیادہ ہوا کہ یہ ہجرت کر کے نبی کریم ﷺ کے پاس چلا گیا تھا اور اس نے نبی کریم ﷺ کی خدمت اقدس میں رہ کر قرآن پڑھا اور دین کی باتیں سیکھی تھیں۔ جب مسیلمہ مرتد ہوا تو نبی کریم ﷺ نے اس کو اہل یمامہ کی تعلیم اور مسیلمہ کو سمجھانے کے لیے بھیجا، لیکن اس نے یمامہ پہنچ کر مسیلمہ کی اطاعت قبول کر لی اور اس کے نام کی اذان دینے لگا۔ نبی کریم ﷺ کے رحلت فرما جانے کے بعد اس کی رسالت کا اقرار بھی کر لیا۔

اسی طرح ابن کثیر لکھتے ہیں کہ الرَّجال بن عَنفوہ نے اسلام قبول کیا اور سورۃ بقرہ پڑھی پھر اس کے بعد مرتد ہو گیا اور واپس اپنے علاقہ کی طرف لوٹ گیا اور پھر مسیلمہ کی نبوت کی تصدیق کی:

"وكان الرَّجّال قد أسلم وقرأ البقرة، ثم ارتد ورجع فصدق مسيلمة وشهد له بالرسالة" (۵۸)

اسی طرح منذر بن ساوی جو نبی کریم ﷺ کے وصال کے بعد مرتد ہو گیا تھا۔ (۵۹)

اہم بات یہ ہے کہ فتنہِ ارتداد کے اثرات صرف حقیقی مسلمانوں اور نومسلموں پر ہی نہیں ہو رہے تھے بلکہ دیگر مذاہب کے لوگ بھی اس ارتداد سے متاثر ہو کر ان مدعیان نبوت کے معتقد ہو رہے تھے۔ مثلاً ہذیل بن عمران جو کہ نصرانی تھا اس نے سجاح بنت حارث کی اطاعت قبول کر لی، ابن خلدون لکھتے ہیں:

"وكان الهذيل نصرانياً فترک دينه الى دينها" (۶۰)

اس بات کے امکان کو رد نہیں کیا جا سکتا کہ وہ حق کا متلاشی ہو اور اپنی طرف سے اس نے اسلام قبول کیا ہو۔

**مدعیانِ نبوت اور ان کا تصورِ دین:**

مدعیانِ نبوت کے افکار و نظریات کے مطالعہ سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ ان کے ہاں باقاعدہ ایک تصورِ دین تھا۔ وہ تصورِ وحی کے ساتھ ساتھ تصورِ شریعت بھی رکھتے تھے۔ چناں چہ مدعیانِ نبوت اس بات کے دعویدار تھے کہ ان پر بھی نبی کریم ﷺ کی طرح فرشتہ وحی لاتا ہے، جیسا کہ طلیحہ کہا کرتا تھا کہ اس پر وحی لانے والے فرشتہ کا نام ذوالنون ہے:

"فقال: أنا أشهد أن لا اله الا الله، وأنى رسول الله، وأنى نبى مرسل يأتينى ذو النون، كما كان جبريل يأتى محمداً، وقد ادعى هذا فى عهد النبى، فقال النبى ﷺ: لقد ذكر

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ملكاً عظيماً في السماء يقال له:ذو النون" (٦١)

یہ مدعیانِ نبوت وحی کی آمد کا جو دعویٰ کرتے تھے تو اپنے دعویٰ کے ثبوت میں اپنی طرف سے کلام وضع کر کے لوگوں کے سامنے وحی کے طور پر پیش کرتے تھے۔ جیسا کہ مسیلمہ سے اس بارے میں کلام اور معجزات مشہور ہیں :

"وكان مسيلمة يسجع لهم بأسجاعٍ كثيرة، يزعم أنها قرآن يأتيه ، ويأتي بمخارق يزعم أنها معجزات" (٦٢)

مُسیلمہ کی وحی کی اتنی شہرت تھی کہ خود حضرت ابوبکرؓ صدیق نے یمامہ سے آنے والے وفد سے اس کے سننے کی خواہش کی ،اس وفد کے افراد پہلے مسیلمہ کے معتقد تھے پھر اسلام قبول کرلیا،حضرت ابوبکرؓ نے جب مسیلمہ کا کلام سنا تو اس پر تبصرہ کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ تو فضول اور لایعنی کلام ہے، ایسا اللہ تعالیٰ کا کلام نہیں ہوسکتا۔ یہاں یہ بات واضح رہے کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے مسیلمہ کے کلام کے لیے شاید بطور استعجاب ''قرآن'' کا لفظ استعمال کیا ہے:

"ولما قدمت وفود بني حنيفة على الصديق قال لهم : اسمعونا شيئاً من قرآن مسيلمة"

پھر اس بعد انہوں نے درج ذیل کلام سنایا:

"يا ضفدع بنت الضفدعين نقي لكم نقين،لا الماء تكدرين ولا الشارب تمنعين،رأسك في الماء ، وذنبك في الطين "

وفد نے مزید یہ کلام سنایا:

"والمبذرات زرعاً،والحاصدات حصداً،والذاريات قمحاً والطانحات طحناً، والخابزات خبزاً،والثاردات ثرداً،واللاقمات لقماً اهالة وسمناً، لبد فضلتم على أهل الوبر،وما سبقكم أهل المدر،رفيقكم فامنعوه،والمعتر فآووه،والناعي فواسوه" (٦٣)

ابن خلدون اس واقعہ کو ان الفاظ میں قلمبند کرتے ہیں:

"وبعث وفداً منهم الٰى أبى بكر باسلامهم فقبلهم وسألهم عن أسجاع مسيلمة فقصوها عليه،فقال:سبحان الله هذا الكلام ما خرج الاّ من الٍّ أو برّ" (٦٤)

حضرت خالدؓ بن ولید نے مدعی نبوت طلیحہ بن خویلد کی وحی سننے کی خواہش کی تو ان کو طلیحہ بن خویلد کا کلامِ وحی کچھ یوں سنایا گیا:

"الحمام،واليمام، والصرد،والصوام،قد صمن قبلكم بأعوام ليبلغن ملكنا العراق و الشام"(٦٥)

اور پھر سجاح نے جب نبوت کا دعویٰ کیا اور اس کے ساتھ وحی کے آنے کا بھی دعویٰ کیا:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"أجمع قومها على أنها نبية فادعت الوحى" (٦٦)

مختصر یہ کہ ان مدّعیانِ نبوت کا کلام کتبِ سیَر و تاریخ میں مؤرخین نے محفوظ کیا ہے، ان کے علاوہ علامہ ابوبکر باقلانیؒ نے بھی اپنی کتاب اعجاز القرآن میں ان کے کلام کے کچھ حصے محفوظ کیے ہیں۔ (٦٧)

اگر یہ مرتدین یہودیت یا نصرانیت اختیار کر لیتے تو شاید اسلام کو اتنا نقصان نہ ہوتا جتنی انہوں نے اسلام کی اس نوزائیدہ مملکت کے لیے خدشات اور مشکلات پیدا کیں، اور دینِ اسلام کے مماثل ایک نیا دین بنا کر عوام الناس اور نومسلموں کے لیے مشکلات پیدا کیں۔ کیونکہ یہ مرتدین اور مدعیانِ نبوت اسلام سے کد رکھتے ہوئے اسلامی تعلیمات میں تحریف کرنا چاہتے تھے اور اسلام کو اپنی خواہشات کا اسیر بنانا چاہتے تھے:

"واستضاف مسيلمة الى ضلالته فى دين الله" (٦٨)

ان مرتدین اور مدعیانِ نبوت نے اپنی شریعت بھی بنا رکھی تھی۔ ابن اثیر لکھتے ہیں:

"وكان مما شرع لهم مسيلمة أن من أصاب ولداً واحداً ذكراً لا يأتى النساء حتى يموت ذلك الولد فيطلب الولد حتى يصيب ابناً ثم تمسك" (٦٩)

اور اس کی شریعت اس طرح کی تھی کہ اس میں احکامِ اسلام کو رخصت کے ساتھ بیان کر دیا گیا تھا، جو عوام الناس کے لیے اور بالخصوص ایک نومسلم کے لیے پُرکشش ہو سکتی تھیں کہ اس دین میں رخصتیں زیادہ ہیں لہٰذا اس کو اختیار کر لیا جائے۔ مثلاً مسیلمہ نے صلوٰۃ یعنی نماز میں رخصت دے دی، اور خمر یعنی شراب اور زنا کو جائز قرار دے دیا:

"ووضع الصلوٰة عن قومه وأحل الخمر والزنا ونحو ذلك" (٧٠)

اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ معاشرہ کے عام افراد پر ان کے کیا اثرات مرتب ہو رہے ہوں گے اور ان کی موضوع شریعت اور موضوع کلام الٰہی کیسی شہرت حاصل کیے ہوئے تھے۔ حقیقت یہ ہے کہ ان حالات میں حضرت ابوبکرؓ کی مساعیِ جمیلہ کو کبھی فراموش نہیں کی جا سکتا اور اگر ان حالات میں قرآن کریم مدون نہ کیا جاتا اور اسی طرح صحابہ کرام اس فتنۂ ارتداد میں جامِ شہادت نوش فرماتے رہتے تو وحی الٰہی کے غیر وحی سے اختلاط کے امکانات بڑھ جاتے، جس کے لیے یقیناً حالات ساز گار تھے۔ مگر اللہ تعالیٰ کی نصرت اور صحابہ کرام کی محنت و کاوشوں سے دین اپنی اصلی اور حقیقی صورت میں آنے والی نسلوں کو منتقل ہوتا رہا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# حواشی وحوالہ جات

۱۔ دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲ ص ۱۵۵

۲۔ دیکھو: (دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲ ص ۱۵۵؛ (في القاموس "العنس" لقب زيد بن مالك بن أدد أبو قبيلة من اليمن ومخلاف بها مضاف اليه ،واسم الأسود عَبهَلَة بن كعب العنسي ،ويقال له:ذو الخمار

۳۔ (دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲ ص ۱۵۵؛ (في القاموس "حنيفة" لقب أثال بن لجيم )

۴۔ دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲ ص ۱۶۱

۵۔ (دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲ ص ۲۰۱

۶۔ ابن خلدون، کتاب العبر و دیوان المبتداء والخبر ، ج ۲ ص ۴۶۹

۷۔ دحلان، سید احمد ابن سید زینی، الفتوحات الاسلامیۃ، ج ۱ ص ۳، مطبعہ امیریہ، ۱۳۱۱ھ

۸۔ دحلان، سید احمد ابن سید زینی، الفتوحات الاسلامیۃ، ج ۱ ص ۳

۹۔ یافعی، مرآۃ الجنان، ص ۵۵، مکتبہ دار باز، مکہ مکرمہ، ۱۹۹۷ء

۱۰۔ ابن خلدون، کتاب العبر و دیوان المبتدا والخبر ، ج ۲ ص ۴۷۲ تا ۴۸۵، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۲۰۰۳ء

۱۱۔ سلیمان بن موسی بن سالم حمیری اندلسی (م ۔ ۶۳۴ھ)، الاکتفاء بما تضمنہ من مغازی رسول اللہ والثلاثۃ الخلفاء، ج ۲ ص ۹۰

۱۲۔ سلیمان بن موسی اندلسی، الاکتفاء بما تضمنہ من مغازی رسول اللہ والثلاثۃ الخلفاء، ج ۲ ص ۸۹

۱۳۔ سلیمان بن موسی، الاکتفاء بما تضمنہ من مغازی رسول اللہ والثلاثۃ الخلفاء، ج ۲ ص ۹۰

۱۴۔ ابن خلدون، کتاب العبر و دیوان المبتدا والخبر ، ج ۲ ص ۴۷۴، بحث بعنوان: **بعث الجيوش للمرتدة**

۱۵۔ دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲ ص ۲۰۱)

۱۶۔ ابن خلدون، کتاب العبر ، ج ۲ ص ۳۴۸، تحت عنوان: بنو عدنان۔ ڈاکٹر محمد رواس قلعہ جی کے بقول ایک ''مرحلہ'' چوبیس شرعی میل کے برابر ہوتا ہے، جبکہ ایک شرعی میل دو ہزار گز اور انگریزی میل میں سترہ سو ساٹھ گز ہوتے ہیں معجم لغۃ الفقہاء، ص ۴۵۱، تحت لفظ: ''القادیر'' ادارۃ القرآن، کراچی، (س۔ن)، مزید دیکھیے: شفیع، مفتی محمد، اوزان شرعیہ، ص ۳۹ تا ۴۳، ادارۃ المعارف، کراچی، طبعہ سوم، ۱۳۸۲ھ

۱۷۔ سلیمان بن موسی بن سالم حمیری اندلسی (م ۔ ۶۳۴ھ)، **الاكتفاء بما تضمنه من مغازي رسول الله والثلاثة الخلفاء**، تحقیق: محمد عبد القادر عطا، ج ۲ ص ۱۲۴، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۲۰۰۰ء) (دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲ ص ۲۱۴

۱۸۔ دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲ ص ۲۰۵

۱۹۔ سلیمان بن موسی بن سالم حمیری اندلسی (م ۔ ۶۳۴ھ)، الاکتفاء بما تضمنہ من مغازی رسول اللہ والثلاثۃ الخلفاء، ج ۲ ص ۱۲۷) (دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲ ص ۲۱۵

۲۰۔ ابن کثیر، فضائل القرآن، ص ۲۴، تعلیق: محمد رشید رضا، مطبعہ المنار، مصر، ۱۳۴۷ھ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۲۱۔ سلیمان بن موسیٰ بن سالم حمیری اندلسی (م۔۶۳۴ھ)، الاکتفاء بما تضمنہ من مغازی رسول اللہ والثلاثۃ الخلفاء، تحقیق: محمد عبدالقادر عطا، ج ۲،ص ۱۰۰، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۲۰۰۰ء) (دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲،ص ۲۰۵)
۲۲۔ دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲،ص ۲۰۵
۲۳۔ ابن خلدون، کتاب العبر و دیوان المبتدا والخبر، ج ۲،ص ۴۸۰، بحث بعنوان: خبر مسیلمة و الیمامة
۲۴۔ ابن کثیر، فضائل القرآن، ص ۲۴ تا ۲۵
۲۵۔ سلیمان بن موسیٰ بن سالم حمیری اندلسی (م۔۶۳۴ھ)، الاکتفاء بما تضمنہ من مغازی رسول اللہ والثلاثۃ الخلفاء، ج ۲،ص ۱۴۲) (دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲،ص ۲۱۹
۲۶۔ دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲،ص ۲۱۷
۲۷۔ سلیمان بن موسیٰ، الاکتفاء بما تضمنہ من مغازی رسول اللہ والثلاثۃ الخلفاء، ج ۲،ص ۱۳۴) (دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲،ص ۲۱۷
۲۸۔ سلیمان بن موسیٰ بن سالم حمیری اندلسی (م۔۶۳۴ھ)، الاکتفاء بما تضمنہ من مغازی رسول اللہ والثلاثۃ الخلفاء، ج ۲،ص ۱۲۴) (دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲،ص ۲۱۴۔۲۱۳، دار صادر، بیروت، (س،ن)
۲۹۔ سلیمان بن موسیٰ اندلسی، الاکتفاء، ج ۲،ص ۱۴۳
۳۰۔ سلیمان بن موسیٰ اندلسی، الاکتفاء، ج ۲،ص ۱۴۳
۳۱۔ ابن عبدالبر، الاستیعاب فی معرفۃ الأصحاب، ج ۲،ص ۱۱۲، تذکرہ: زید بن ثابت (۸۴۵)، مکتبہ دار الباز، سعودی عرب، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۹۹۵ء
۳۲۔ سلیمان بن موسیٰ، الاکتفاء، ج ۲،ص ۱۳۳
۳۳۔ سلیمان بن موسیٰ، الاکتفاء، ج ۲،ص ۱۲۸
۳۴۔ یافعی، مرآۃ الجنان، ص ۵۵
۳۵۔ ابو زید بلخی، البدء والتاریخ، ص ۱۹۶، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۹۹۷ء
۳۶۔ یافعی، مرآۃ الجنان، ص ۵۵
۳۷۔ زرکشی، بدرالدین، التنقیح لألفاظ الجامع الصحیح، معہ کشف المشکل لابن جوزی، ج ۶،ص ۱۱۱، دار الکتب العلمیہ، ۲۰۰۴ء
۳۸۔ عزالدین ابن اثیر، الکامل فی التاریخ، ج ۱،ص ۲۱۸ دار الکتاب العربی، طبع ثانیہ، ۱۹۹۹ء
۳۹۔ (سلیمان بن موسیٰ بن سالم حمیری اندلسی (م۔۶۳۴ھ)، الاكتفاء بما تضمّنه من مغازی رسول الله و الثلاثة الخلفاء، ج ۲،ص ۱۴۲؛ دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲،ص ۲۱۹
۴۰۔ دیار بکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس فی أحوال أنفس نفیس، ج ۲،ص ۲۲۰
۴۱۔ ابن خلدون، عبدالرحمٰن کتاب العبر و دیوان المبتدا والخبر ص ۴۸۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۲۰۰۳ء
۴۲۔ سلیمان بن موسیٰ، الاکتفاء، ج ۲،ص ۱۳۷
۴۳۔ سلیمان بن موسیٰ، الاکتفاء، ج ۲،ص ۱۲۲، ۱۲۶

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



۴۴۔ ابن کثیر، البدایۃ والنھایۃ، ج۶، ص۴۱۷۔
۴۵۔ ابن کثیر، البدایۃ والنھایۃ، ج۶، ص۴۱۷۔
۴۶۔ طبرانی، ابوالقاسم سلیمان بن احمد، المعجم الکبیر، ج۵، ص۱۳۰، روایت نمبر: ۴۸۴۳، تحقیق: حمدی عبدالمجید سلفی
۴۷۔ ابن کثیر، فضائل القرآن، ص۲۵
۴۸۔ دیکھو: خلیفہ بن خیاط، کتاب الطبقات، ص۱۱۱ تا ۱۱۵، دارالقلم، بیروت، ۱۹۷۷ھ) (ابن کثیر، البدایۃ والنھایۃ، ج۶، ص۴۲۷ تا ۴۳۴
۴۹۔ نولڈکہ، تھیوڈور، تاریخ القرآن، مترجم: جارج تامر، طبعہ اولیٰ بیروت ۲۰۰۴ء، جلد۲، ص۲۴۹۔
50- Bell, Richard, Introduction to the Quran, p. 39, Edinburgh, 1953
۵۱۔ دیاربکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس، ج۲، ص۲۱۹
۵۲۔ سلیمان بن موسیٰ اندلسی، الاکتفاء، ج۲، ص۱۳۱) (دیاربکری، حسین بن محمد، تاریخ الخمیس، ج۲، ص۲۱۷
۵۳۔ ابن کثیر، البدایۃ والنھایۃ، ج۶، ص۴۱۹، بحث بعنوان: السنة احدی عشر للهجرة، مقتل مسیلمة الکذاب لعنة الله، دار المعرفہ، بیروت، ۱۹۹۷ء
۵۴۔ ابن کثیر، البدایۃ والنھایۃ، ج۶، ص۴۳۴۔
۵۵۔ یافعی، مرآۃ الجنان، ص۵۵
۵۶۔ دحلان، الفتوحات الاسلامیۃ، ج۱، ص۱۶
۵۷۔ ابن خلدون، کتاب العبر، ج۲، ص۴۸۰) (ابن کثیر، البدایہ والنہایہ، ج۶، ۴۲۹، ۴۱۶
۵۸۔ ابن کثیر، البدایہ والنہایہ، ج۶، ۴۲۹، تحت بعنوان: السنة الحادیة عشر للهجرة، اس بارے میں علامہ دیاربکری کے الفاظ "فقرأ القرآن وتعلم السنن" کے ہیں، دیکھو: تاریخ الخمیس، ج۲، ص۱۵۹
۵۹۔ ابن خلدون، کتاب العبر، ج۲، ص۴۸۲، تحت عنوان: رِدّة الحطم وأهل البحرين
۶۰۔ ابن خلدون، کتابُ العبر، ج۲، ص۴۷۸، تحت عنوان: خبر بنی تمیم وسجاح
۶۱۔ سلیمان بن موسیٰ، الاکتفاء، ج۲، ص۱۰۲
۶۲۔ ابن خلدون، کتاب العبر، ج۲، ص۴۸۰) (ابن کثیر، البدایہ والنہایہ، ج۶، ۴۱۹
۶۳۔ ابن کثیر، البدایہ والنہایہ، ج۶، ۴۱۹
۶۴۔ ابن خلدون، کتاب العبر، ج۲، ص۴۸۲، تحت عنوان: خبر مسیلمة والیمامة
۶۵۔ ابن کثیر، البِدایة و النِهایة، ج۶، ص۴۱۱، فصل: فی مسیرة الأمراء من ذي القصة
۶۶۔ دیاربکری، تاریخ الخمیس، ج۲، ص۱۵۹
۶۷۔ باقلانی، ابوبکر محمد بن طیب، اعجاز القرآن، تحقیق: سید احمد صقر، ص۲۴۶ تا ۲۴۱
۶۸۔ دیاربکری، تاریخ الخمیس، ج۲، ص۱۵۹
۶۹۔ ابن اثیر، الکامل فی التاریخ، ج۱، ص۳۷۰، دارالکتب العلمیہ، ۱۹۹۷ء
۷۰۔ دیاربکری، تاریخ الخمیس، ج۲، ص۱۵۹

© rasailojaraid.com